# شب قدر کے اعمال (فیضان لیلۃ القدر)

حضور انور سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ میری اُمت میں سے جو مرد یا عورت یہ خواہش کرے کہ میری قبر نور کی روشنی سے منور ہو تو اسے چاہیئے کہ ماہِ رمضان المبارک کی شب قدر میں کثرت کے ساتھ عبادتِ الٰہی بجالائے کہ اس مبارک اور متبرک رات کی عبادت سے اللہ پاک اس کے نامہ اعمال سے برائیاں مٹا کر نیکیوں کا ثواب عطا فرمائے۔

شبِ قدر کی عبادت ستر ہزار شب کی عبادتوں سے افضل ہے۔

حضرت سیدنا اسماعیل حقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ''تفسیر روح البیان'' میں یہ روایت نقل کرتے ہیں، جو شبِ قدر میں اخلاص نیت سے نوافل پڑھے گا اُس کے اگلے پچھلے گُناہ مُعاف ہو جائیں گے۔

(رُوحُ البَیان)

ماہ رمضان کی ۲۷ ویں شب کو بارہ رکعت نماز تین سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر ایک ایک مرتبہ، سورہ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھے۔ سلام کے بعد ستر مرتبہ استغفار پڑھے۔

فضیلت: اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو نبیوں کی عبادت کا ثواب عطا فرمائے گا۔ انشاء اللہ العظیم

ماہ رمضان کی ۲۷ ویں شب کو دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر تین تین دفعہ، سورۂ اخلاص ستائیس مرتبہ پڑھ کر گناہوں کی مغفرت طلب کرے۔

فضیلت: انشاء اللہ تعالیٰ اس کے تمام پچھلے گناہ اللہ پاک معاف فرمائے گا۔

ماہ رمضان کی ۲۷ ویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ تکاثر ایک ایک بار، سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھے۔

فضیلت: اس کے دو فائدے ہوں گے سکرات میں آسانی ہو گی اور عذابِ قبر سے محفوظ مامون رہے گا۔

(نزہۃ المجالس)

aim92
www.aim92.com

ماہ رمضان کی ۲۷ ویں شب کو دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص سات سات مرتبہ پڑھے۔ سلام کے بعد ستر دفعہ یہ تسبیح معظّم پڑھے۔

اَستَغفِرُ اللهَ العَظِیمَ الَّذِی لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الحَیُّ القَیُّومُ وَاَتُوبُ اِلَیهِ ○

فضیلت: انشاء اللہ تعالیٰ پڑھنے والا اپنے مصلے سے نہ اُٹھے گا کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت اس پر اور اس کے والدین پر جلوہ فگن ہو جائے گی۔

ماہ رمضان کی ۲۷ ویں شب کو دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ الم نشرح ایک ایک بار۔ سورۂ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھے۔ سلام کے بعد ستائیس مرتبہ سورۂ قدر پڑھے۔

فضیلت: انشاء اللہ العظیم واسطے ثواب بیشمار عبادت کے یہ نماز بہت افضل ہے۔

ماہ رمضان کی ۲۷ ویں شب کو چار رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر تین تین دفعہ، سورۂ اخلاص پچاس پچاس مرتبہ پڑھے۔ سلام کے بعد سجدہ میں سر رکھ کر ایک مرتبہ یہ کلمات پڑھے۔

سُبحَانَ اللهِ وَالحَمدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَکبَر ○

اس کے بعد جو حاجت دنیاوی یا دینی طلب کرے۔ وہ انشاء اللہ تعالیٰ درگاہِ باری تعالیٰ میں قبول ہوگی۔

## وظائف

شب قدر کا خاص وظیفہ کثرت سے پڑھیں اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ العَفوَ فَاعفُ عَنِّی

۲۷ ویں شب کو سورۂ ملک سات مرتبہ پڑھے واسطے مغفرت گناہ بہت فضیلت والی ہے۔

حضرت علی شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں

جو کوئی شب قدر میں سورۃ القدر سات بار پڑھتا ہے اللہ عزوجل اُسے ہر بلا سے محفوظ فرما دیتا ہے اور ستّر ہزار فرشتے اس کیلئے جنت کی دعا کرتے ہیں اور جو کوئی (سال بھر میں جب کبھی) جمعہ کے روز نماز جمعہ سے قبل تین بار پڑھتا ہے اللہ عزوجل اُس روز کے تمام نماز پڑھنے والوں کی تعداد کے برابر نیکیاں لکھتا ہے۔

(نزہۃ المجالس)

aim92.com

قرآنی دعائیں | مسنون دعائیں | وظائف | روحانی علاج | حدیث نبوی ﷺ | اقوال زریں | سنہری باتیں

www.aim92.com